## سوال

(65)کس کمپنی کا ترجمہ فصیح ہے۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ترجمہ قرآن مجید مترجمہ ڈپٹی نذیر احمد خان دہلوی وترجمہ قرآن مجید مترجمہ مرزا حیرت دہلوی ایڈیٹر کرزن گزٹ وسیکرٹری اسلامیہ پرنٹنگ اینڈ پبلشنگ کمپنی دہلی میں سے کس کا ترجمہ فصیح ہے۔ بینوا توجروا

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ترجمہ ہر دو صاحبان مذکور فصاحت اُردو میں اچھا ہے ، مگر میں نے اول سے آخر تک ترجمہ نہیں دیکھا ہے کہ کس کو ترجیح دوں، مگر ہر دو صاحبان نے فصاحت خرچ کر کے مقاصد ومطالب قرآن کو بگاڑ دیا کہ جس کو عام لوگ نہیں سمجھ سکتے، قرآن کا ترجمہ شاہ رفیع الدین ، شاہ عبد القادر وشاہ ولی اللہ صاحب سے بڑھ کر کسی کا نہیں ہوسکتا ہے، ان لوگوں نے الفاظ قرآن ومعانی کی پیروی کی ہے اوران لوگوں نے فصاحت اُردو خرچ کی ہے، تھوڑے دنوں میں قرآن کو مثل انجیل وغیرہ کے کر دیں گے۔ واللہ اعلم بالصواب ، حررہ السید محمد عبد الحفیظ غفرلہ

سید محمد عبد الحفیظ    ہذا الجواب صحیح    سید محمد عبد السلام غفرلہ.....الجواب صحیح.. سید محمد ابو الحسن

فتاوی نذیریہ

**جلد01**